DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 1

# دہشتگردی میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی کی جائے، گورنر بلوچستان

مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

کوئٹہ صوبائی دارالحکومت اور ایک پرامن شہر ہے اس میں ایسے واقعات کی کوئی گنجائش نہیں ہے، جعفر خان مندوخیل کا اظہار خیال

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے المناک دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے جسکے نتیجے میں قیمتی جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے اس عمل کو ناقابل قبول قرار دیا اور اس بات پر زور دیا کہ کوئٹہ پہلے پر...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

امن شہر میں اسکی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ گورنر مندوخیل نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ ملوث عناصر کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے، مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ گورنر نے اپنے بیان میں سوگوار خاندانوں سے اظہار یکجہتی کیا اور زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

INTEKHAB QUETTA

# کوئٹہ دھماکہ، شہباز شریف اور کامران ٹیسوری کا گورنر بلوچستان سے رابطہ

المناک سانحہ پر بات چیت، دونوں رہنماؤں کی جانب سے واقعہ کی شدید مذمت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم میاں شہباز شریف اور گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جسمیں کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے آج کے المناک دھماکے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے اس گھناؤنے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی جس میں نہتے شہریوں کی جانیں گئیں اور متعدد زخمی بھی ہوئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سوگوار خاندانوں سے گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ملوث عناصر کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔ وہ لواحقین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کے دکھ درد میں شریک رہے۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے بھی یکجہتی و ہمدردی کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے عوام ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے دھماکے میں جاں بحق افراد کیلئے مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی خصوصی دعا کی۔

Balochistan Time Quetta

# Governor, ministers call terrorists enemies of humanity

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandukhel has strongly condemned the tragic explosion at Quetta railway station, resulting in loss of life and property, terming this act inhuman and unacceptable.

Mandukhel directed law enforcement agencies to take immediate action against those responsible, utilizing all resources to bring culprits to justice and prevent future incidents.

Provincial Minister of Finance and Minerals Mir Shoaib Noshirwani also condemned the blast, expressing regret for the loss of life. He stated that terrorist elements are "enemies of humanity" and praised security forces for working to protect citizens. Noshirwani highlighted the targeting of school children and innocent people as "tragic and heartbreaking." He emphasized that those who target civilians don't deserve to be called human beings.

The provincial government and health department have taken measures to provide immediate medical assistance to the injured. Noshirwani appreciated the public's blood donation initiatives, noting joint efforts have ensured timely medical facilities. Provincial Minister PHE Sardar Abdul Rahman Khatiran condemned the Kotia Railway Station suicide blast and Sub Inspector Khalil Malazai's martyrdom in Harnai. He expressed sorrow for the loss of life, calling targeting innocent people "sad and heartbreaking." Khatiran reaffirmed commitment to peace and stability in Balochistan, vowing action against cowardly attackers.

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 — اتوار 7 جمادی الاول 1446ھ 10 نومبر 2024ء — نمبر 309


# دہشتگردوں سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں حکمت عملی تبدیل کرینگے

محسن نقوی، سرفراز بگٹی

وفاقی حکومت ہر طریقے سے صوبائی حکومت کو سپورٹ کر رہی ہے، ایک ہفتہ میں چار سے پانچ خودکش پکڑے، نارمل حالات نہیں، کلفلیکٹ زون میں ان واقعات کا تدارک ضروری ہے

سڑکوں پر نکل کر انسانی حقوق کی بات کرنے والے آج کہاں ہیں، سوچنا ہے خون کا بازار کب تک گرم رہے گا، میڈیا سے گفتگو، زخمیوں کی عیادت کی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت ہر طریقے سے بلوچستان حکومت کو سپورٹ کر رہی ہے ملک سے دہشتگردی ختم کریں گے، ہم نے پچھلے ایک ہفتہ میں چار سے پانچ خودکش پکڑے ہیں دہشت گردی کے واقعات افسوسناک ہیں حکومت دہشت گردوں کو بھرپور جواب دے گی۔ یہ بات انہوں نے ٹراما سنٹر میں ریلوے اسٹیشن بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے دھماکے کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیا، وفاقی حکومت بلوچستان کو مکمل سپورٹ کر رہی ہے، اس وقت نارمل حالات نہیں ہیں، دہشت گرد اب خودکش حملہ آوروں کو استعمال کر رہے ہیں، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے دھماکہ کی تحقیقات کی ہدایت کی ہے، سیکورٹی فراہم کرنا ریلوے پولیس کی ذمہ داری تھی، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی ختم کریں گے، ہم نے پچھلے ایک ہفتہ میں چار سے پانچ خودکش پکڑے ہیں، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میڈیا سے گفتگو میں ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے المناک واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت شہداء کے ورثاء کیساتھ کھڑی ہے اور اس واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ یہ ایک دہشتگردی کی جنگ ہے اور دہشتگردی کی جنگ اس قوم نے ایک مرتبہ پہلے بھی لڑی تھی جس کے نتیجے میں چیزیں بہتر ہوئی تھیں ایک مرتبہ پھر یہ مسئلہ درپیش ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر کوئٹہ پہنچے ہیں، چیف آف آرمی اسٹاف یہاں آئے تھے صوبے میں امن وامان کے حوالے سے اجلاس ہوا ہے ہم اپنی حکمت عملی پر غور کر رہے ہیں کہ آیا وہ کون سے عوامل ہیں جن سے دہشتگردی بڑھ رہی ہے، انہوں نے کہا کہ صوبے میں دہشتگردی کے بہت سے واقعات رونما ہونے سے پہلے روکے گئے ہیں تاہم ہم ایک کنفلیکٹ زون میں ہیں اور کنفلیکٹ زون میں اس قسم کے واقعات کا تدارک کرنا ضروری ہے بلوچستان کے لوگوں کو یقین دہانی کراتے ہیں کہ وفاقی، صوبائی حکومتیں، سیکورٹی ایجنسیاں اور فورسز میں یہ اہلیت موجود ہے کہ ان دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں، انہوں نے کہا کہ جنگ کی حکمت عملی تبدیل ہوئی ہے ہم بھی اپنی حکمت عملی تبدیل کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ڈی آئی کے آپریشن میں وہ دہشتگرد جہنم واصل ہوئے ہیں سوئی کے واقعہ میں ملوث تین چار دہشتگرد پکڑے گئے ہیں جبکہ باقی جہنم واصل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کے چیمپئن بن کر سڑکوں پر نکل کر انسانی حقوق کی بات کرنے والے آج کہاں ہیں وہ کیوں آج ہونے والے اس واقعہ کی مذمت نہیں کرتے ان کو حکومت سے مطالبہ کرنا چاہیے تھا کہ ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف لڑائی پوری قوم نے لڑنی ہے سوچنا پڑے گا کہ صوبے میں خون کا بازار کب تک گرم رہے گا، دہشت گردوں کا نہ قوم ہے نہ مذہب ہے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہفتہ کی شام وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، صوبائی وزراء اور حکام کے ہمراہ ٹراما سینٹر سول اسپتال کا دورہ کیا اور کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور ایم ایس ٹراما سینٹر ڈاکٹر کامران خان کاسی نے زیر علاج زخمیوں کے علاج معالجے سے متعلق آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے زخمیوں سے مزاج پرسی کی اور ان کے ورثاء سے علاج معالجے متعلق دریافت کیا، میر سرفراز بگٹی نے یقین دلایا کہ تمام زخمیوں کی مکمل صحت یابی تک ان کے بہتر علاج معالجے کو یقینی بنایا جائے گا۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ
سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 328 | اتوار، 7 جمادی الاول، 10 نومبر 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

ریلوے اسٹیشن دھماکے کی مذمت

# دہشتگردوں کا پیچھا کر کے منطقی انجام تک پہنچائیں گے

وزیر اعلیٰ، گورنر

## معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے والے رعایت کے مستحق نہیں، سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر داخلہ کا رابطہ، شہداء کے خاندانوں سے اظہار یکجہتی

## قیمتی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے، ملوث عناصر کیخلاف کارروائی کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچائیں گے اور سرزمین بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے آخری حد تک جائیں گے دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں غیر انسانی فعل میں مرتکب دہشت (باقی صفحہ 5 نمبر 41)

گردوں کو ہر صورت کٹہرے میں لایا جائے گا۔ اپنے مذمتی بیان میں وزیر اعلیٰ نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر دھماکے کو قابل مذمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ معصوم افراد کو نشانہ بنانے کے واقعات کا تسلسل ہے دہشت گردوں کا ہدف اب عام معصوم افراد مزدور بچے اور خواتین ہیں انہوں نے کہا کہ معصوم افراد کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد قابل رحم نہیں ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی جاری ہے دہشت گردی کے متعدد واقعات میں ملوث عناصر تک پہنچ چکے ہیں اور ریلوے اسٹیشن پر رونما ہونے والے اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں تک بھی پہنچیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا پیچھا کرتے ہوئے دہشت گردوں کا قلع قمع کریں گے اور حکومت کی رٹ ہر صورت قائم کریں گے انہوں نے شہداء کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ تمام زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہفتہ کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور دھماکے کی شدید مذمت کی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے خاندانوں اور زخمیوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا وفاقی وزیر داخلہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دہشتگردانہ کارروائیوں کے خاتمے کیلئے مشترکہ طور اقدامات اٹھائے جائیں گے دونوں رہنماؤں نے بلوچستان میں ملک دشمن عناصر کی کارروائیوں کی روک تھام کیلئے تمام موثر اقدامات فی الفور اٹھانے پر بھی اتفاق کیا دونوں رہنماؤں نے دہشتگردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے کے عزم کا اعادہ کیا وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے آخری حد تک جائیں گے اور وفاق اس ضمن میں بلوچستان حکومت کی ہر ممکن معاونت کرے گا۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے المناک دھماکے کی شدید (باقی صفحہ 5 نمبر 42)

مذمت کی ہے جسکے نتیجے میں قیمتی جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے اس عمل کو ناقابل قبول قرار دیا اور اس بات پر زور دیا کہ کوئٹہ جیسے پرامن شہر میں اسکی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ گورنر مندوخیل نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ ملوث عناصر کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے، مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ گورنر نے اپنے بیان میں سوگوار خاندانوں سے اظہار یکجہتی کیا اور زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت دی۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ٹراما سنٹر سول ہسپتال کوئٹہ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ٹراما سنٹر سول ہسپتال کوئٹہ میں ریلوے اسٹیشن پر ہونیوالے دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
قیمت 30 روپے
جلد نمبر 31 | بروز اتوار 10 نومبر 2024ء بمطابق 7 جمادی الاول 1446ھ | شمارہ نمبر 309

# کوئٹہ دھماکے کے ذمہ دار بچ نہیں سکتے (محسن نقوی)

# بلوچستان میں جنگی حالات ہیں (سرفراز بگٹی)

**حکومت دہشت گردوں کو بھرپور جواب دے گی، دہشت گردی کے واقعات پر انسانی حقوق کے چیمپئن کیوں نہیں بول رہے ہیں، واقعات افسوسناک ہیں، وزیراعلیٰ**

**دہشت گرد خودکش حملہ آوروں کو استعمال کر رہے ہیں، ملک سے دہشت گردی ختم کریں گے، وزیراعظم نے دھماکے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے، وزیر داخلہ میڈیا سے گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت ہر طریقے سے بلوچستان حکومت کو سپورٹ کر رہی ہے ملک سے دہشتگردی ختم کریں گے ہم نے پچھلے ایک ہفتہ میں چار سے پانچ خودکش پکڑے ہیں، اس وقت نارمل حالات نہیں ہیں، دہشت گرد اب

بقیہ نمبر 58 صفحہ 5 پر

خودکش حملہ آوروں کو استعمال کر رہے ہیں وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے دھماکے کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کی شب کوئٹہ کے سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر میں کوئٹہ ریلوے اسٹیشن دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے ناخوشگوار واقعے کی تحقیقات کے لیے وزیر اعظم نے احکامات جاری کر دیے ہیں ریلوے اسٹیشن پر سیکورٹی فراہم کرنا ریلوے پولیس کی ذمہ داری تھی، ایسا نہیں کہ بلوچستان میں کوئی دہشتگردی کا واقعہ رونما ہو تو میں کوئٹہ آؤں گا ویسے بھی کوئٹہ دورے پر آتا رہا ہوں علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے واقعات افسوسناک ہیں لیکن حکومت دہشت گردوں کو بھرپور جواب دے گی دہشت گردی کے واقعات پر انسانی حقوق کے چیمپئن کیوں نہیں بول رہے، امن وامان کی صورتحال پر غور کر رہے ہیں، [illegible] واقعے کے ملزمان پکڑے ہیں، تربت میں دہشت گردی کے واقعہ کو روکا ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کی شب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے ہمراہ ٹراما سنٹر میں ریلوے اسٹیشن بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے یہ دہشتگردی کی جنگ ہے جو قوم نے ایک مرتبہ پہلے بھی لڑی تھی اور اس وقت الحمدللہ بہت سی چیزیں بہتر ہوگئی تھیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی ہدایت پر کوئٹہ آئے ہیں اس سے پہلے چیف آف آرمی اسٹاف بھی کوئٹہ آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی حکمت عملی پر غور کر رہے ہیں کہ یہاں وہ عوامل ہیں جس سے دہشتگردی بڑھ رہی ہے بدامنی کے واقعات زیادہ رونما ہونے لگ گئے ہیں سیکورٹی فورسز نے تربت میں دہشتگردی کے منصوبے کو ناکام بنایا ہے ہم ایک کانفلیکٹ زون ہے ایسے واقعات کا تدارک کرنا بہت ضروری ہے۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ٹراما سینٹر سول ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | اتوار 10 نومبر 2024ء بمطابق 07 جمادی الاول 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔307

# دہشتگردی کا خاتمہ کرینگے، عام حالات نہیں پوری جنگ کی صورتحال ہے

## سرفراز بگٹی، محسن نقوی

**قوم دہشت گردی کی جنگ لڑ رہی ہے خودکش بنانے والے عوامل آپ کو بلوچستان کی سڑکوں پر بھی نظر آتے ہیں جو لوگ ہیومن رائٹس کے چیمپئن بنتے ہیں، سڑکوں پر نکلتے ہیں، وہ آج کدھر ہیں**

**میڈیا چھوڑ اس کنفیوژن کا شکار ہیں کہ مذہب کے نام پر تشدد ہے تو اس کو سب دہشت گرد ہیں اور نام نہاد قوم پرستی کے نام پر جو دہشت گردی ہے اس کو آج تک ناراض بلوچ کہہ کر کنفیوژن پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان**

**گزشتہ ایک ہفتے میں 4، 5 خودکش حملہ آوروں کو پکڑا ہے، جن کا ان دنوں میں پھٹنے کا منصوبہ تھا، بہت ساری چیزیں آپ تک نہیں بھی پہنچتیں یا دیر سے پہنچتی ہیں، وفاقی وزیر داخلہ کی بات چیت**

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قوم دہشت گردی کی جنگ لڑ رہی ہے خودکش بنانے والے عوامل آپ کو بلوچستان کی سڑکوں پر بھی نظر آتے ہیں جو لوگ ہیومن رائٹس کے چیمپئن بنتے ہیں، سڑکوں پر نکلتے ہیں، وہ آج کدھر ہیں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 5 خودکش حملہ آوروں کو گرفتار کیا ہے بلوچستان میں ایف سی کو بھی اختیارات دیئے جا رہے ہیں معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے کے ذمہ دار دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں دہشت (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

گردی کا مقابلہ مل کر کرنا ہے اور ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے رہیں گے ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوئٹہ دھماکے میں زخمی افراد کی سول ہسپتال ٹراما سینٹر میں عیادت کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قوم دہشت گردی کی جنگ لڑ رہی ہے کیوں میڈیا چھوڑ اس کنفیوژن کا شکار ہیں کہ مذہب کے نام پر تشدد ہے تو اس کو سب دہشت گرد ہیں اور نام نہاد قوم پرستی کے نام پر جو دہشت گردی ہے اس کو آج تک ناراض بلوچ کہہ کر کنفیوژن پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو لوگ ہیومن رائٹس کے چیمپئن بنتے ہیں، سڑکوں پر نکلتے ہیں، وہ آج کدھر ہیں، وہ آج کیوں اس واقعے کی مذمت نہیں کرتے؟ مذمت تو چھوٹا لفظ ہے، ان کو حکومت سے مطالبہ کرنا چاہیے کہ ایسے لوگوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ وہ بلوچ عام یہ سوچ لے کہ آپ کی حکومت آپ کو بہتری کی طرف لے کر جا رہی ہے، تعلیم، صحت کی سہولیات بہتر کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، اور یہ کون لوگ ہیں جو ہمارے بلوچ نوجوانوں کو خودکش بناتے ہیں خودکش بنانے والے عوامل آپ کو بلوچستان کی سڑکوں پر بھی نظر آتے ہیں کہ جہاں پر خودکش حملہ کرتے ہیں اور وہ یہاں پر اپنی سیاست اس طریقے سے کر رہے ہیں دہشت گردوں کی کوئی قوم نہیں ہے، دہشت گردوں اور پاکستانی فوج کے درمیان نہیں ہے، یہ لڑائی پورے معاشرے نے لڑنی ہے، یہ میڈیا، عدالت، سیاستدان، دانشوروں نے لڑنی ہے، یہ سوچ بچار کرنا پڑے گا کہ بلوچستان میں خون کا بازار کب تک گرم رہے گا دہشت گرد کو بطور دہشت گرد دیکھنا چاہیے اور اس میں ہمیں آپ کی، لوگوں کی، تمام سوسائٹی کی سپورٹ چاہیے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ گزشتہ ایک ہفتے میں 4، 5 خودکش حملہ آوروں کو پکڑا ہے، جن کا ان دنوں میں پھٹنے کا منصوبہ تھا، بہت ساری چیزیں آپ تک نہیں بھی پہنچتیں یا دیر سے پہنچتی ہیں، اس وقت سارے مل کر لڑ رہے ہیں، یہ پوری جنگ کی صورتحال ہے یہ کوئی عام حالات نہیں ہیں کہ چوری یا ڈکیتی ہے، صرف پولیس کو بہترین سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں، اب ہم ایف سی کو بھی اختیارات دینے جا رہے ہیں تاکہ وہ بھی لڑ سکیں سیکیورٹی لیپس کو بھی دیکھا جا رہا ہے، دہشت گردی کا مقابلہ مل کر کرنا ہے اور ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے رہیں گے محسن نقوی نے کہا ہے کہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے کے ذمہ دار دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے حکومت پرعزم ہے مل کر پاکستان کے خلاف اس گھناؤنی سازش کو ناکام بنائیں گے ملکی استحکام کو لاحق خطرات پر قابو پانے کے لیے قومی اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔ اس واقعہ کو افراتفری کے بیج بونے کی بزدلانہ کوشش قرار دیتے ہوئے محسن نقوی نے عوام کو یقین دلایا کہ قوم ان بدنیتی پر مبنی کوششوں کا مقابلہ کرنے کے لیے متحد ہو کر کھڑی ہوگی۔ انہوں نے اس مشکل وقت میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم مل کر پاکستان کے خلاف اس گھناؤنی سازش کو ناکام بنائیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی

اتوار 10 نومبر 2024ء بمطابق 07 جمادی الاول 1446ھ قیمت 20 روپے | جلد 28 | شمارہ 308

# سوچنا ہوگا کب تک صوبے میں خون بہتا رہے گا — محسن نقوی

# ملک سے دہشتگردی کی لہر ختم کر کے دکھائیں گے — سرفراز بگٹی

**دہشتگردوں کی کوئی قوم نہیں، یہ لڑائی قوم نے مل کر لڑنی ہے، ناراض بلوچ کہہ کر کنفیوژن پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، ہم ریاست کے ہر بچے کی حفاظت کر رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی**



وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کوئٹہ دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | اتوار 10 نومبر 2024ء، 7 جمادی الاول 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 309

وزیر اعلیٰ بلوچستان

وفاقی وزیر داخلہ

# دہشتگردوں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے

## دہشت گردوں کا پیچھا کرتے ہوئے دہشت گردوں کا قلع قمع کریں گے اور حکومت کی رٹ ہر صورت قائم کریں گے، سرفراز بگٹی

## کوئٹہ میں جو دردناک واقعہ رونما ہوا اس طرح واقعات کی خاتمے کیلئے ملکر اقدامات کرنا ہوگا وفاقی حکومت ہر طریقے سے بلوچستان حکومت کی سپورٹ کریگی، محسن نقوی

کوئٹہ (این این آئی/اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچائیں گے اور سرزمین بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے آخری حد تک جائیں گے دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں غیر انسانی فعل میں مرتکب دہشت گردوں کو ہر صورت کٹہرے میں لایا جائے گا اپنے ایک مذمتی بیان میں وزیر اعلیٰ نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر دھماکے کو قابل مذمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ معصوم افراد کو نشانہ بنانے کے واقعات کا تسلسل ہے دہشت گردوں کا ہدف اب عام معصوم افراد مزدور بچے اور خواتین ہیں انہوں نے کہا کہ معصوم افراد کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد قابل رحم نہیں ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی جاری ہے دہشت گردی کے متعدد واقعات میں ملوث عناصر تک پہنچ چکے ہیں اور ریلوے اسٹیشن پر رونما ہونے والے اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں تک بھی پہنچیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا پیچھا کرتے ہوئے دہشت گردوں کا قلع قمع کریں گے اور حکومت کی رٹ ہر صورت قائم کریں گے انہوں نے شہداء کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ تمام زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں دریں اثنا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہفتہ کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور دھماکے کی شدید مذمت کی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے خاندانوں اور زخمیوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا وفاقی وزیر داخلہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دہشتگردانہ کارروائیوں کے خاتمے کیلئے مشترکہ طور اقدامات اٹھائے جائیں گے دونوں رہنماؤں نے بلوچستان میں ملک دشمن عناصر کی کارروائیوں کی روک تھام کیلئے تمام موثر اقدامات فی الفور اٹھانے پر بھی اتفاق کیا دونوں رہنماؤں نے دہشتگردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے کے عزم کا اعادہ کیا وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے آخری حد تک جائیں گے اور وفاق اس ضمن میں بلوچستان حکومت کی ہر ممکن معاونت کرے گا۔ دریں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں جو دردناک واقعہ رونما ہوا اس طرح واقعات کی خاتمے کیلئے ہم نے ملکر اقدامات کرنا ہوگا وفاقی حکومت ہر طریقے سے بلوچستان حکومت کی سپورٹ کریگی دہشتگرد انسان کہلانے کے مستحق نہیں نہ اس کی کوئی مذہب ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ہسپتال میں بم دھماکے میں زخمی افراد کی عیادت کے موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات پر خاموش نہیں بیٹھیں گے ملک سے دہشتگردی ختم کریگے بحیثیت وزیر داخلہ ہم نے ہمیشہ بلوچستان کے حالات پر توجہ دی ہے اور کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں گزشتہ 6 مہینوں کے دوران 10 سے زائد دورے کیئے چاہے واقعات ہو یا دیگر حوالے سے انہوں نے کہا کہ ہفتے کے روز ریلوے اسٹیشن پر جو واقعہ رونماء ہوا وہ قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ میں دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ست اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

# Balochistan Ti

92 MEDIA GROUP

Founded by S

balochistantimes.pk @balochistan

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 913 QUETTA Sunday November 10, 2024 /Jumada al-Aw

# Death toll rises to 26 in Quetta Railway Station blast, 62 injured

## PM, Acting President condemn Quetta blast, Bugti vows perpetrators of heinous act be made example




Monitoring Desk

QUETTA: At least 26 people were killed and 62 injured after a suicide blast ripped through a Quetta Railway Station on Saturday, local authorities and hospital officials said.

Pakistan, particularly the Balochistan and Khyber ... cies, while civilians were also targeted.

Shafiqat added that gatherings have been banned in the area while bus stations were on high alert, adding that railways have been requested to close the station and suspend train services. He said that besides civilians, "some law enforcement" personnel were also ... banned militant group Balochistan Liberation Army (BLA) has claimed responsibility for the blast.

SThe commissioner also urged the public not to head to the railway station, Quetta Trauma Centre or the Civil Hospital, noting that "in such incidents, there is a risk of twin attacks". Asked if the blast specifically targeted someone, the com- ... Quetta Senior Superintendent of Police (SSP) Operations Mohammad Baloch told reporters that at the time of the blast, a Jaffar Express train was reportedly ready to depart from the platform for Peshawar.

Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti condemned the incident, saying it was a "continuation of targeting innocent people".

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 10 NOV 2024

Page No.

## کوئٹہ ریلوے اسٹیشن میں خودکش حملہ [illegible] مشن جاری

[illegible]



[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 10 NOV 2024 Page No.


## بلوچستان میں دہشتگرد پھیلانے والے امن بحال کرانے کے لائق نہیں

## صوبائی وزراء کی ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت، ریلوے اسٹیشن کا دورہ

### کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر دھماکہ قابل مذمت ہے، میر ظہور بلیدی

## بلوچستان دہشتگردی کی نئی لہر کا شکار ہے، سردار کھیتران


MASHRIQ QUETTA


## دہشتگردی کیخلاف جنگ جاری رہے گی، صوبائی وزیر صحت

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 NOV 2024 Page No. 12

## معصوم انسانی زندگی کا قتل سنگین دہشتگردی ہے، علی مدد جتک

## معصوم شہریوں پر دہشتگردی ناقابل قبول ہے، جام کمال خان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 13


# سانحہ کوئٹہ، دہشتگردی کی تمام شکلوں کیخلاف پاکستان سے تعاون کرینگے، پوٹن

سانحہ کی مذمت، آذربائیجان، ملائیشیا، ترکیہ، برطانیہ، امریکا

## ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، روسی صدر کا خط، تعاون کی پیشکش، انتہا پسند مسلم معاشروں کو نقصان پہنچا رہے ہیں، ملائیشین صدر

کراچی، کوئٹہ (ایجنسیاں، جنگ نیوز) کوئٹہ ریلوے اسٹیشن بم دھماکے پر مختلف بین الاقوامی، قومی اور مقامی رہنماؤں اور حلقوں نے سخت مذمت کی روس کے صدر ولادی میر پوٹن، ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم اور ترکیہ حکومت نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ امریکی سفارتخانے، برطانوی سفارتخانے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، قونصلیٹ کے مطابق روس کے صدر ولادی میر پوٹن نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر دہشت گردانہ حملے کے بعد صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ہفتہ کو ایک خط میں روس کے صدر نے اس سانحے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا جس میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد شہریوں کی جانیں گئیں اور کئی دیگر زخمی ہوئے۔ انہوں نے اس وحشیانہ واقعہ کی شدید مذمت کی اور ذمہ داروں کے لیے انصاف کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ روس کی یکجہتی پر زور دیا، انتہا پسندی سے نمٹنے اور شہریوں کو پرتشدد کارروائیوں سے بچانے کے لیے پاکستانی حکام کے ساتھ قریبی تعاون کے لیے روس کے عزم کا اعادہ کیا۔ ولادی میر پوٹن نے لکھا کہ ہم دہشت گردی کی تمام شکلوں کے خلاف اپنے پاکستانی شراکت داروں کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے اس طرح کے گھناؤنے جرائم کے خلاف جنگ میں مدد کے لیے روس کے عزم کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ حملے کے ماسٹر مائنڈز کو سزا دی جائے گی۔ دریں اثنا ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے کوئٹہ واقعہ پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ملائیشیا کے وزیراعظم نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر لکھا کہ ملائیشیا کی عوام کی طرف سے پاکستانی عوام کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں جو اس بے حس اور تباہ کن نقصان پر سوگوار ہیں۔ انہوں نے عام شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانے کے ان اقدامات کو انتہائی بے رحم اور پرتشدد قرار دیا اور کہا کہ یہ بے رحمانہ اور پرتشدد کارروائیاں انتہا پسندی اور ہٹ دھرمی کی سوچ کے حامل عناصر کی طرف سے لاحق خطرات کا تسلسل ہے جو مسلم معاشروں کی ترقی اور امن کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملائیشیا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حکومت پاکستان کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔ ترکیہ کی حکومت نے دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے پاکستانی عوام کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی خواہش کی۔ ترکیہ کی وزارت خارجہ نے ایک خط میں کہا کہ ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی حمایت جاری رکھیں گے۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے بھی کہا ہے کہ برطانیہ پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے اور اسطرح کی کارروائیاں تقسیم کے بیج بونے کے سوا کچھ نہیں کرتیں۔ وائس آف امریکہ کے مطابق روس کے صدر ولادی میر پوٹن، ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم اور ترکیہ حکومت نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

## کوئٹہ واقعہ، ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی، وزیراعظم

### شہباز شریف اور کامران ٹیسوری کا گورنر بلوچستان سے رابطہ، کوئٹہ واقعہ کی مذمت

کوئٹہ (ن ن) وزیراعظم میاں شہباز شریف اور گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ٹیلیفونک رابطہ کیا جسمیں کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے آج کے المناک دھماکے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے اس گھناؤنے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی جسمیں نہتے شہریوں کی جانیں گئیں اور متعدد زخمی بھی ہوئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سوگوار خاندانوں سے گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ملوث عناصر کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔ وہ لواحقین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کے دکھ درد میں شریک رہے۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے بھی یکجہتی و ہمدردی کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے عوام ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے دھماکے میں جاں بحق افراد کیلئے مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی خصوصی دعا کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

2

Daily: JANG QUETTA

Dated: 10 NOV 2024 Page No. 14

## میٹروپولیٹن کارپوریشن پراپرٹی کی مد میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیاں

Century Express Quetta

## کوئٹہ انتظامیہ کی کارروائی، 9 دکاندار گرفتار

**2 کو جیل بھیج دیا گیا، 8 کو جرمانے، 14 کو وارننگ دی گئی**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 15


## حکومتی پالیسیوں نے زراعت تباہی کے دہانے پہنچا دی، نیشنل پارٹی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 10 NOV 2024 Page No. 16


## Century Express Quetta

### خودکش حملہ آور کی شناخت کیلئے نادرا سے رابطہ

حملہ آور نے 8 سے 10 کلو دھماکہ خیز مواد کا بیگ اپنے جسم سے باندھ رکھا تھا

سی سی ٹی وی کیمروں کا ریکارڈ تحویل میں، جسمانی اعضا فرانزک کیلئے بھیجے جا رہے ہیں

ریلوے سٹیشن خودکش حملے کا مقدمہ درج

## Mashriq Quetta

### ہرنائی، خاران میں دہشتگردوں کا حملہ، سب انسپکٹر شہید، 2 ایف سی اہلکار زخمی، ٹرک نذر آتش

### کوئٹہ دھماکے کے بعد ملک بھر کے تمام ریلوے سٹیشنز پر ریڈ الرٹ

## INTEKHAB QUETTA

### کوئٹہ ریلوے اسٹیشن دھماکے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 5

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 17

## سانحہ کوئٹہ اور دہشت گردی کا ناسور: اتحاد و اتفاق کی ضرورت!!

ہفتے کے روز کوئٹہ میں ایک بار پھر دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا ہے اور بلوچستان سمیت پورے ملک میں گہرے غم و غصے اور تشویش کی لہر پھیل گئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف، قائم مقام صدر، وزیر داخلہ، وفاقی وزراء، گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، سیاسی جماعتوں کے قائدین، سول سوسائٹی غرض پوری قوم اس واقعے سے رنجیدہ بھی ہوئی ہے اور سوگوار خاندانوں سے گہرے رنج و غم اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اس بات کی ضرورت پر زور دیا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے خلاف پہلے سے بڑھ کر اقدامات کئے جائیں اور اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کیا جائے۔ کوئٹہ سمیت صوبے اور ملک کے مختلف علاقوں میں اس نوع کے دہشت گردانہ واقعات پہلے بھی پیش آتے رہے ہیں امر واقعی یہ ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل تدارک و خاتمے کے لئے اب تک پوری قوم متحد و متفق نہیں ہوتی اور اجتماعی کوششیں نہیں کرتی اس وقت ہم اس ناسور کا خاتمہ نہیں کر سکتے سانحہ کوئٹہ نے پورے ملک کو سوگوار کیا ہے۔ یہ واقعہ گزشتہ روز ایک ایسے وقت میں پیش آیا جب ملک میں یوم اقبال کے موقع پر عام تعطیل تھی اور مسافر اپنی منزل تک جانے کے لئے ریلوے اسٹیشن آ رہے تھے اب تک کی اطلاعات کے مطابق جاں بحق افراد کی تعداد پچیس تک جا پہنچی ہے چالیس سے زائد افراد زخمی ہیں جن میں بہت سے زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے پولیس کے مطابق دھماکہ جعفر ایکسپریس کے گزرنے کے وقت ریلوے اسٹیشن میں ہوا دھماکے کے وقت مسافر ریلوے اسٹیشن میں جعفر ایکسپریس سے پشاور جانے کی تیاری میں مصروف تھے ریلوے حکام کے مطابق ریلوے اسٹیشن پر ٹکٹ گھر کے قریب ہوا جبکہ ٹرین اب تک پلیٹ فارم پر نہیں لگی تھی۔ پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض نے جاں بحق افراد کی تعداد کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ دھماکے کے پچیس جاں بحق افراد ہسپتال لائے گئے ہیں ترجمان سول ہسپتال کوئٹہ نے بتایا کہ چالیس سے زائد زخمی ہسپتال لائے گئے ہیں جن میں کئی کی حالت تشویشناک ہے۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ کے مطابق ابتدائی طور پر دھماکہ خودکش لگ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دھماکہ اس وقت ہوا جب مسافروں کی بڑی تعداد پلیٹ فارم پر موجود تھی۔ دھماکے کے بعد کوئٹہ کے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہے شہریوں کی بڑی تعداد دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق و زخمی ہونے والے اپنے پیاروں کو دیکھنے کے لئے ہسپتالوں کی طرف امڈ پڑے اور ہر طرف قیامت صغریٰ کے مناظر تھے دہشت گردی کا یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان اور مجموعی طور پر پورے ملک میں اس نوع کے افسوسناک اور انسانیت سوز واقعات پہلے بھی پیش آتے رہے ہیں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اب تک ہم نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں مگر ظاہری بات ہے کہ جب تک اس ناسور کا مکمل طور پر خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت حکومت اور انتظامیہ چین سے نہیں بیٹھ سکتی اور نہ ہی عوام اطمینان، سکون اور اطمینان کا سانس لے سکتے ہیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دہشت گردی کے اس واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور نہتے شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانے والے دہشت گردوں کو بہت سخت قیمت ادا کرنی پڑے گی دہشت گردی کی عفریت کے خاتمے کے لئے حکومت اور سیکیورٹی فورسز عملی طور پر سرگرم عمل ہیں۔ وزیراعظم نے جاں بحق ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی اور ان کے لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے زخمیوں کو ترجیحی بنیادوں پر طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی اور بلوچستان حکومت سے واقعے کی تحقیقاتی رپورٹ طلب کی ہے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ معصوم اور نہتے شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانے والے دہشت گردوں کو بہت سخت قیمت ادا کرنی پڑے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے المناک واقعے سے متعلق تبادلہ خیال بھی کیا اور اس گھناؤنے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی جس میں نہتے شہریوں کی جانیں گئیں اور متعدد زخمی ہوئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سوگوار خاندانوں سے گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ملوث عناصر کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی یقین دہانی کرائی قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں جو نہتے عوام کو نشانہ بناتے ہیں انہوں نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات کے عزم کا اعادہ کیا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے کے ذمہ دار دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے حکومت پرعزم ہے مل کر پاکستان کے خلاف اس گھناؤنی سازش کو ناکام بنائیں گے انہوں نے دہشت گرد حملے میں اپنی جانیں گنوانے والوں کے خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے کے ذمہ دار دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں اس طرح کے گھناؤنے فعل کے لیے مذمت کافی نہیں ہے۔ وزیر داخلہ نے ملکی استحکام کو لاحق خطرات پر قابو پانے کے لیے قومی اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔ اس واقعہ کو افراتفری کے بیج بونے کی بزدلانہ کوشش قرار دیتے ہوئے محسن نقوی نے عوام کو یقین دلایا کہ قوم ان بدنیتی پر مبنی کوششوں کا مقابلہ کرنے کے لیے متحد ہو کر کھڑی ہو گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکام کو تحقیقات کو تیز کرنے اور قصورواروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے تمام ضروری وسائل اور مدد فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم افراد کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد قابل رحم نہیں دہشت گردوں کا ہدف اب عام افراد، مزدور، بچے اور خواتین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد انسان کہلانے کے لائق نہیں انہوں نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی جاری ہے اور انہیں منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان سے دہشت گردوں کا قلع قمع کریں گے آئے روز پیش آنے والے یہ واقعات ہر لحاظ سے قابل مذمت بھی ہیں اور اس بات کے متقاضی بھی کہ اس سے پہلے کہ یہ آگے مزید پھیلے اور دشمن قوتیں ملک اور صوبے کو مزید عدم استحکام اور انتشار افراتفری سے دوچار کریں اب وقت آ گیا ہے کہ پہلے سے بڑھ کر دو ٹوک انداز میں اس ناسور کے مکمل قلع قمع کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں اور پوری قوم حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریاں نبھائے تاکہ ملک کو امن ترقی اور استحکام کی منزل تک پہنچایا جا سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 18


## مستونگ سانحہ کے بعد کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر خودکش دھماکا، بلوچستان میں قیام امن کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت!

بلوچستان میں بدامنی ایک دیرینہ مسئلہ ہے، چند دنوں میں یہ دہشت گردی کا دوسرا واقعہ ہے جو کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر پیش آیا ہے۔ سانحہ مستونگ کے بعد گزشتہ روز کوئٹہ میں ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر خودکش دھماکے میں خاتون سمیت 25 سے زائد افراد جاں بحق جبکہ 50 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ ریلوے حکام کے مطابق جعفر ایکسپریس نے ہفتہ کی صبح 9 بجے پشاور کے لیے روانہ ہونا تھا، ٹرین ابھی تک پلیٹ فارم پر نہیں لگی تھی کہ دھماکا ہوا، دھماکا ریلوے اسٹیشن پر ٹکٹ گھر کے قریب ہوا۔ کمشنر کوئٹہ محمد حمزہ شفقات نے تصدیق کی ہے کہ ریلوے اسٹیشن پر دھماکا خودکش تھا، خودکش بمبار سامان کے ساتھ ریلوے اسٹیشن میں داخل ہوا، ایسے کسی شخص کو روکنا مشکل ہوتا ہے جو خودکش حملے کے لیے آئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے رابطہ کرتے ہوئے واقعے کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے اور رپورٹ طلب کرلی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کے متعدد واقعات میں ملوث عناصر تک پہنچ چکے ہیں، صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، متعدد واقعات میں ملوث دہشت گرد پکڑے جا چکے ہیں، بلوچستان سے دہشت گردوں کا قلع قمع کریں گے۔ کوئٹہ دھماکے کی صدر مملکت، وزیراعظم، وفاقی وزیر داخلہ نے بھی مذمت کی ہے۔ بہرحال ریلوے اسٹیشن پر عوام کا جم غفیر رہتا ہے جہاں سے لوگ اپنے آبائی علاقوں کو آتے جاتے ہیں، معصوم شہری اس طرح کے واقعات کی زد میں آتے ہیں جس کی ہر سطح پر مذمت ہی کی جاسکتی ہے۔ بہرحال بلوچستان میں بدامنی کے واقعات کو روکنے کیلئے تمام تر ذرائع کا استعمال ضروری ہے۔ طاقت کا استعمال مسئلے کا حل نہیں بلکہ ڈائیلاگ کے ذریعے ہی کشیدگی میں کمی لائی جاسکتی ہے جس میں دونوں فریقین کا متفق ہونا ضروری ہے۔ طاقت کے استعمال سے مزید تباہی ہوگی جس کا کوئی بھی نتیجہ برآمد ہوسکتا ہے۔ بلوچستان کے تمام اسٹیک ہولڈرز کا کردار اہمیت رکھتا ہے جنہیں ایک میز پر بیٹھنا ہوگا، جو گلے شکوے ناراضگیاں ہیں انہیں دور کرنے کیلئے راستہ نکالنے کی کوشش کی جائے کیونکہ دنیا کی جنگی تاریخ گواہ ہے کہ شورش سے تباہی آتی ہے جس سے اپنے ہی لوگ متاثر ہوتے ہیں۔ ماضی میں بلوچستان میں قیام امن کیلئے متعدد بار کمیٹیاں تشکیل دی گئیں مگر ان کے مثبت نتائج برآمد نہیں ہوئے جس کی وجوہات کو تلاش کرنا ضروری ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

llet No. 5 Dated: 10 NOV 2024 Page No. 19


# کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی

کوئٹہ میں ریلوے سٹیشن میں پلیٹ فارم اور ٹکٹ گھر کے قریب خودکش دھماکے میں 24 افراد شہید اور 24 زخمی ہو گئے ہیں۔ انسانیت کے دشمنوں کی اس سفاکانہ کارروائی سے ہر دل مغموم اور آنکھ اشکبار ہے۔ اللہ تعالیٰ دھماکے میں شہید ہونے والوں کی مغفرت اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ گزشتہ دو سال کے دوران ملک بھر میں دہشت گردی کے 21 سو سے زائد کارروائیاں ہوئی جن میں 37 سو 58 افراد جاں بحق ہوئے جبکہ رواں برس میں بھی اب تک دہشت گردی کے 561 واقعات میں 886 شہری اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ ہر دہشت گردی کے واقعہ کے بعد حکومت دہشت گردوں کا قلع قمع کرنے کے عزم کا اظہار کرتی ہے اور سکیورٹی سخت کرنے کے اقدامات کئے جاتے ہیں مگر بدقسمتی سے امن کے دشمن ہر بار سکیورٹی حصار توڑنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ دہشت گردی کی حالیہ لہر سے کے پی کے اور بلوچستان سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ کے پی کے میں خارجی حملوں کی ذمہ داری قبول کر رہے ہیں تو بلوچستان میں بی ایل اے ہر کارروائی کی ذمہ داری قبول کرتی ہے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کی وجہ افغانستان سے دہشت گردوں کو مالی اور عسکری معاونت اور افغان حکام کی پشت پناہی ہے۔ اطلاعات کے مطابق افغانستان میں بی ایل اے اور گل بہادر گروپ پاکستان میں حملوں کی منظم منصوبہ بندی میں ایک دوسرے کی معاونت کر رہے ہیں اور افغانستان سرزمین سے دہشت گرد گروہوں کو افغان حکام کے علاوہ پاکستان دشمن قوتوں کی سرپرستی بھی حاصل ہے۔ رواں برس دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کے بعد چین کے اخبار گلوبل ٹائمز کے مطابق پاکستان کی سرزمین پر کی جانے والی بھارتی دہشت گردی کے شواہد موجود ہیں۔ بھارت کی پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہونے کی طویل تاریخ موجود ہے۔ بھارت خطے میں عدم استحکام کے لئے بلوچستان میں مقامی لوگوں کو بغاوت پر اکسا رہا ہے بلکہ دہشت گردوں کی مالی اور عسکری مدد کے علاوہ بھارت کی سرزمین پر دہشت گردی کی تربیت کے شواہد بھی ہیں جس کا ثبوت بھارتی اخبار دی ہندو کا یہ انکشاف ہے کہ بی ایل اے کے کمانڈر بھارت کے ہسپتالوں میں جعلی شناخت پر علاج بھی کرواتے رہے ہیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ بھارت کا پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے اور بلوچ شدت پسندوں کی مالی اور عسکری مدد کا مقصد پاکستان میں چین کے تعاون سے جاری ترقی کے منصوبوں میں رکاوٹ ڈالنا ہے۔ اس تاثر کو اس لئے مسترد نہیں کیا جا سکتا ہے کیونکہ بھارت چین کے سی پیک منصوبے میں شمولیت سے انکار کر چکا ہے اور بھارتی حکومت کے وزرا پاکستان میں کارروائیوں کا اعتراف بھی کر چکے ہیں۔ بی ایل اے کو حاصل بھارتی سرپرستی کا ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ یہ کالعدم تنظیم نا صرف بلوچستان سمیت ملک بھر میں چینی ماہرین پر حملوں میں ملوث ہے بلکہ بی ایل اے کی مجید بریگیڈ کا خودکش ونگ اپنی کارروائیوں کا مقصد بلوچستان میں چین کی سرمایہ کاری روکنا اور سی پیک کو نقصان پہنچانا بتاتی ہے۔ چین کو پاکستان میں سرمایہ کاری نہ کرنے کا بھی کہہ چکی ہے۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں ملوث کالعدم تنظیموں کو بھارت کی معاونت کوئی راز نہیں۔

اس سے مفر نہیں کہ پاکستان کے سکیورٹی ادارے امن دشمنوں کے مذموم ایجنڈے کو ناکام بنانے کے لئے دن رات ایک کئے ہوئے ہیں اور جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج سرحد پار سے دہشت گردی روکنے کے لئے افغان سرحد پر باڑ کا کام بھی مکمل کر چکی ہے اور دن رات سرحد کی نگرانی بھی کی جا رہی ہیں اس کے باوجود امن کے دشمن اپنے ناپاک عزائم میں اس لئے کامیاب ہو رہے ہیں کیونکہ ان کو بیرونی وسائل اور جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ ملک کے اندر سلیپر سیلز کی معاونت بھی حاصل ہے۔ حکومت سرحد پر سے دہشت گردوں کی آمد و رفت کم کر سکتی ہے مگر ملک میں موجود ان کے ایجنٹوں کا صفایا مقامی آبادی کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ سکیورٹی فورسز متعدد دہشت گردوں کو زخمی حالت میں گرفتار کر چکی ہیں اس کے علاوہ گزشتہ روز ہتھیار ڈالنے والے بی ایل اے کے جنگجو طلعت عزیز کی طرح درجنوں بلوچ ہتھیار ڈال کر بی ایل اے سے لاتعلقی کا اعلان کر چکے ہیں۔ سکیورٹی ادارے طلعت عزیز اور دیگر ایسے بلوچوں سے بی ایل اے کی پناہ گاہوں اور ان کو حاصل مالی اور عسکری معاونت کے بارے میں معلومات حاصل کر کے نا صرف بلوچستان کے شہری علاقوں میں اس کے سہولت کاروں بلکہ اس کی نشاندہی پر پہاڑوں میں دہشت گردوں کی کمین گاہوں پر کارروائی کر سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ حکومت کو دہشت گردی کے حوالے سے افغان حکام سے دو ٹوک انداز میں بات کرنا ہو گی کہ اگر افغان حکام دہشت گرد گروپوں کے خلاف کارروائی سے قاصر ہے تو پاکستان اپنا حق دفاع استعمال کرتے ہوئے افغان سرزمین پر کارروائی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ پاکستان کے اس موقف کو عالمی سطح بالخصوص اقوام متحدہ میں پذیرائی ملنے کے امکان اس لئے بھی روشن ہے کیونکہ اقوام متحدہ خود اپنی رپورٹ میں بی ایل اے اور گل بہادر گروپ کے باہمی تعاون سے پاکستان میں دہشت گردی کا انکشاف کر چکا ہے۔ اگر امریکہ دفاعی حق استعمال اور اقوام متحدہ اسے تسلیم کر سکتا ہے تو پاکستان ایسا کیوں نہیں کر سکتا۔ بہتر ہو گا حکومت بی ایل اے اور خارجیوں کے گٹھ جوڑ اور ان کو بھارتی معاونت کے شواہد عالمی برادری کے سامنے رکھے تا کہ اقوام متحدہ افغان حکام اور بھارت کو پاکستان پر حملے کرنے والی تنظیموں کی سرپرستی سے باز رکھنے کے لئے دباؤ بڑھا سکیں اور پاکستان کے سکیورٹی ادارے ملک کے اندر دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا قلع قمع کر سکیں اور پاکستان سمیت خطے میں پائیدار امن کی راہ ہموار ہو سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 5

Daily: بلوچستان نیوز

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 20

## دہشت گردی کا ناسور، صبر واستقامت اور غیر متزلزل عزم ناگزیر!!

ہفتے کے روز بلوچستان کے مرکزی شہر اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ریلوے سٹیشن پر ہونے والی دہشت گردی نے پوری قوم کو غمزدہ اور افسردہ کردیا ہے دہشت گردی کے اس واقعے میں پچیس افراد جاں بحق اور چالیس سے زائد زخمی ہوئے ہیں حکام کے مطابق بظاہر یہ خودکش دھماکہ معلوم ہوتا ہے تاہم تحقیقات شروع کردی گئی ہیں دھماکہ اس وقت ہوا جب شہریوں کی بڑی تعداد ریلوے سٹیشن پر موجود تھی دھماکے کے بعد کوئٹہ کے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موقع پر پہنچ کر کام شروع کردیا ہے دھماکے سے ہونے والے نقصانات کی تفصیل میں ہم نہیں جانا چاہتے مگر ایسا کوئی شخص نہیں ہوگا جو رنجیدہ اور کبیدہ خاطر نہ ہوا تاہم اس کے ساتھ ساتھ اس بات کی ضرورت بھی پہلے سے کئی گنا بڑھ کر سامنے آئی ہے کہ ہمیں ملک اور صوبے کو دہشت گردی کے ناسور سے پوری طرح پاک کرنے کے لئے ابھی بہت کام کرنا ہوگا اور دہشت گردی کے ناسور کا مقابلہ کرتے ہوئے حکومت اور انتظامیہ کے ساتھ ساتھ پوری قوم کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا نیز صبر واستقامت کے ساتھ غیر متزلزل عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا یہ دہشت گردی کا کوئی پہلا واقعہ نہیں گزشتہ پندرہ بیس برسوں کے بعد کوئٹہ سمیت ملک کے مختلف حصوں میں دہشت گردی کے افسوسناک واقعات پیش آتے رہے ہیں اس دوران سیکورٹی فورسز اور عوام کی قربانیوں سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم نے بہت سی قربانیاں بھی حاصل کیں کوئی شک نہیں کہ بہت نقصان بھی ہمیں اٹھانا پڑا مگر بہت سی کامیابیاں بھی ملیں اور اب اگر پوری طرح سے اس ناسور کا خاتمہ کرنا ہے تو مزید اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ دہشت گردی کے اس واقعے کی وزیراعظم، قائم مقام صدر وچیئرمین سینٹ، وفاقی وزراء، گورنرز، وزرائے اعلیٰ، سیاسی قائدین، سول سوسائٹی غرض پوری قوم نے مذمت کی ہے اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی اور ہدایت کی کہ زخمیوں کو ترجیحی بنیادوں پر طبی امداد فراہم کی جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے کے ذمہ دار دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے حکومت پرعزم ہے انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور دھماکے کی شدید مذمت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے خاندانوں اور زخمیوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا وفاقی وزیر داخلہ اور وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دہشتگردانہ کارروائیوں کے خاتمے کے لئے مشترکہ طور اقدامات اٹھائے جائیں گے، بلوچستان میں ملک دشمن عناصر کی کارروائیوں کی روک تھام کیلئے تمام موثر اقدامات فی الفور اٹھانے پر بھی اتفاق کیا گیا دونوں رہنماؤں نے دہشتگردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے آخری حد تک جائیں گے اور وفاق اس ضمن میں بلوچستان حکومت کی ہر ممکن معاونت کرے گا انہوں نے کہا کہ ہم سب پاکستان کے خلاف اس گھناؤنی سازش کو ناکام بنائیں گے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے ہفتہ کو جاری اپنے بیان میں محسن نقوی نے کوئٹہ دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت اور قوم سے دہشت گردی کے خلاف متحد ہونے کی اپیل بھی کی وزیراعظم میاں شہباز شریف اور گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور دہشت گردی کے اس حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے کہا ہے کہ دہشت گردانہ حملے میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا گیا جو کہ سراسر غیر انسانی فعل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تفتیش کار عینی شاہدین کا انٹرویو کررہے ہیں، فرانزک شواہد کا تجزیہ اور دھماکے کے اردگرد ہونے والے واقعات کو یکجا کرنے کے لیے دھماکے کی جگہ کو پر شواہد کو تلاش کررہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے حکام کو تحقیقات کو تیز کرنے اور قصورواروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے تمام ضروری وسائل اور مدد فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 5

Daily:

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 21


## نوجوانوں کو زندگی کے ہر شعبے میں ترقی کے مواقع کی فراہمی!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ جب سے میر سرفراز بگٹی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا منصب سنبھالا ہے وہ دیگر عوامی مفاد کے کاموں کے علاوہ نوجوانوں کی فلاح وبہبود کے لیے بھی اقدامات کررہے ہیں جو کہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ صوبے کا مستقبل روشن دیکھنا چاہتے ہیں جو کہ نوجوان کریں گے۔

گذشتہ روز یوم اقبال کی مناسبت سے تعمیر نو کالج میں طالب علموں کے مابین تقریری مقابلے کی تقریب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبال نے نوجوانوں کو خودی کے تصور سے آشناس کروایا۔ آج نوجوانوں کو اسی "خودی" کے ذریعے علم وتحقیق کی راہوں پر گامزن ہوتے ہوئے جھوٹ اور سچ میں فرق کرتا ہے آج کے نوجوانوں کو علم وتحقیق کے ذریعے درست اور غلط کا انتخاب خود ہی کرنا ہے۔ صوبائی حکومت بلوچستان سے 30 ہزار نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر بیرون ملک روزگار کے لیے بھیج رہی ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار میٹرک تا پی ایچ ڈی سکالرشپ پروگرام متعارف کردیا گیا ہے جس میں سویلین شہداء کے بچوں، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کو بھی شامل رکھا گیا ہے۔ صوبے میں ٹیچرز کی نوکریاں بک رہی تھیں ہم نے اس سلسلے کو روکا آج بھی اس بات پر قائم ہیں کہ بلوچستان میں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی۔ صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ انسرجنسی یا کوئی دوسرا نہیں بلکہ کرپشن ہے۔ صوبائی حکومت کرپشن کی عفریت سے نمٹنے کے لیے پختہ عزم سے کام کررہی ہے سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

CLIPPING SERVICE P-1

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5 Dated: 10 NOV 2024 Page No. 23

# From Quetta with Grief

On the fateful morning of November 9, as the sun rose over Quetta, it was met with yet another tragedy that has left the nation in shock. A suicide blast at the Quetta Railway Station claimed the several innocent lives and left various other injured . This incident is a grim reminder of the persistent and rising tide of terrorism that Pakistan is grappling with, particularly in its Balochistan and KP provinces. The audacity of this attack, just days after a bomb blast near a school in Mastung that killed innocent children, underscores an alarming trend that poses grave challenges to the fabric of society and security in Pakistan. The year 2023 has witnessed an unprecedented surge in violence, with 1,524 fatalities and 1,463 injuries resulting from 789 terror attacks and counter-terror operations. These numbers mark a record six-year high in terms of violence-related fatalities, with terrorist activities seemingly gaining momentum despite sporadic declines in certain months. According to monthly security reports, although there was a decrease in attacks in September, the preceding months of July and August saw an alarming uptick. From bombings targeting police personnel to attacks on laborers, the breadth and cruelty of these incidents are staggering. The recent suicide bombing claimed by the Balochistan Liberation Army (BLA) is [illegible] than just a tragic statistic. It reflects a relentless campaign of violence aimed at destabilizing the region and instilling fear among its inhabitants.

The BLA's brazen approach-from shooting laborers in Panjgur to demolishing railway infrastructure-signals a worrying shift: the indiscriminate targeting of innocent civilians, including children, laborers, and everyday citizens going about their lives. Such acts highlight the depths to which these extremist elements have sunk, disregarding the sanctity of life in their ruthless pursuit of an agenda that thrives on chaos and fear. Balochistan Chief Minister, Sarfraz Bugti, decried the attack as a "continuation of targeting innocent people" and expressed outrage over the targeting of vulnerable sections of society. His declaration that "terrorists do not deserve mercy" resonates deeply in a nation that has borne countless burdens of loss and grief. Such sentiments are crucial in rallying public resolve against the scourge of terrorism; however, rhetoric must translate into concrete action. The government's commitment to conduct investigations and root out terrorism must be met with resolute determination. Yet, behind the outrage lies a fundamental question: how can Pakistan effectively combat this escalation in violence? The answer does not lie solely in military operations or law enforcement. It necessitates a multi-faceted approach that addresses the underlying causes of

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 10 NOV 2024

Page No. 24

# Quetta suicide bombing

A suicide bombing at the Quetta railway station near the platform and ticket counter has tragically claimed 24 lives and left another 24 injured. This cruel attack by enemies of peace has deeply saddened the nation.

Over the past two years, Pakistan has faced more than 2,100 terrorist incidents, resulting in 3,758 deaths, with 561 attacks this year alone claiming 886 lives. Each time, the government pledges to eradicate terrorism and strengthen security, yet attackers often manage to breach these barriers.

The recent surge in terrorism has hit Khyber Pakhtunkhwa (KPK) and Balochistan the hardest. While foreign groups claim responsibility for attacks in KPK, the Balochistan Liberation Army (BLA) takes responsibility in Balochistan. Defense experts attribute this rise to financial and military aid from Afghanistan, with Afghan officials allegedly supporting these groups. Reports indicate that the BLA and the Gul Bahadur Group collaborate in planning attacks on Pakistan, with backing from anti-Pakistan forces.

Following this escalation, China's Global Times highlighted evidence of India's involvement in terrorism in Pakistan, noting India's long history of destabilizing the country, particularly in Balochistan. India not only provides financial and military assistance but has also documented cases of training terrorists on its soil. For instance, The Hindu revealed that BLA commanders have received medical treatment in Indian hospitals under fake identities.

India's support for Baloch insurgents is widely viewed as an attempt to disrupt Chinese-led development projects in Pakistan. This perception is reinforced by India's refusal to participate in the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) and its leaders' public admissions of interference in Pakistan. Evidence of India's support includes the BLA's involvement in attacks on Chinese nationals across Pakistan. The BLA's Majeed Brigade, its suicide wing, has stated its mission to halt Chinese investment in Balochistan and undermine CPEC. The BLA has also claimed responsibility for high-profile attacks on the Pakistan Stock Exchange, the Chinese Consulate in Karachi, and the Confucius Institute, as well as targeting Chinese engineers and workers in Gwadar.

There is no doubt that banned groups responsible for terrorism in Pakistan are supported by India. Pakistan's security forces are working tirelessly to thwart these agendas, sacrificing lives daily. The armed forces have completed fencing along the Afghan border to curb cross-border terrorism, yet the enemy continues to find support through external funding, modern technology, and sleeper cells within Pakistan. While the government can limit cross-border movement, eradicating local networks requires the population's cooperation.

Security forces have captured several terrorists in injured states, and many BLA militants, like Talat Aziz, have surrendered, renouncing the BLA. With intelligence from such sources, the forces can track facilitators in urban areas and target mountainous hideouts. The government must assertively address Afghan officials, emphasizing that if they cannot act against these groups, Pakistan reserves the right to conduct operations across the border for self-defense.

Presenting evidence of the BLA's foreign support to the international community, particularly the United Nations, could build global pressure on Afghan and Indian authorities, aiding Pakistan in dismantling terrorist networks and securing lasting peace in the region.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ________ Dated: 10 NOV 2024 Page No. ________




کوئٹہ: آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر دھماکے کے ایک زخمی کی عیادت کر رہے ہیں



کوئٹہ: آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر دھماکے کے ایک شہید کی میت کو کندھا دے رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

No.

Dated: 10 NOV 2024

Page N



کوئٹہ: ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ محمد نور کھیتران سے سردار اقبال خلجی ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران سے سردار اقبال خلجی ملاقات کر رہے ہیں